**09.12.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... شبانہ بیگم

**Music**

---

☆ لوک سبھا میں انتخابی اصلاحات پر بحث ہوئی، قانون اور انصاف کے وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا کہ ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرِثانی، کانگریس کے دورِ اقتدار میں کئی بار کی گئی تھی۔

☆ آج جب راجیہ سبھا میں قومی گیت کی 150ویں سالگرہ پر بحث ہوئی، وزیر داخلہ امت شاہ نے زور دے کر کہا کہ وندے ماترم نے جد و جہد آزادی کے دوران ملک میں قومی جذبے کے کلچر کو بیدار کیا تھا اور یہ آج بھی اتنی ہی اہمیت کا حامل ہے۔

☆ وزیر اعظم نے NDA کے پارلیمانی اراکین سے عام لوگوں کی زندگی کو آسان بنانے کے مقصد سے سبھی شعبوں میں اصلاحات کرنے کیلئے کہا ہے۔

☆ شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ انڈیگو میں پروازوں کی آمد و رفت میں رخنہ اندازی کے سبب پیدا ہوا تعطل، تیزی سے ختم ہو رہا ہے۔ انھوں نے اعادہ کیا کہ حکومت، ایک مضبوط ایئر لائن نظام کی تشکیل پر عہد بستہ ہے۔

☆ مائیکرو سافٹ، بھارت کے AI بنیادی ڈھانچے کی ترقی کیلئے 17اعشاریہ پانچ ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ جب مصنوعی زہانت کی بات آتی ہے تو دنیا کی توقعات بھارت سے وابستہ ہوجاتی ہیں۔

☆ اور... کرکٹ میں پانچ میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے پہلے میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کے سامنے جیت کیلئے 176رن کا نشانہ رکھا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**LS Discussion Elections**

لوک سبھا نے آج انتخابی اصلاحات پر بحث کی ہے۔ بحث میں شرکت کرتے ہوئے قانون اور انصاف کے وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا کہ ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظر ثانی SIR، کانگریس کے دورِ اقتدار میں کئی بار کی گئی تھی، لیکن اب اپوزیشن اِس پر سوال اٹھا رہی ہے۔ انھوں نے یہ کہتے ہوئے ملک کے ووٹنگ ڈھانچے کی

ستائش کی کہ آزادی کے بعد سے ہر کسی کو ووٹنگ کا مساوی حق ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک میں انتخابی عمل ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے ذریعے بنائے گئے اصول کے مطابق کئے جارہے رہیں۔

**S/B 2100 Arjun Ram Meghwal**

بحث میں شرکت کرتے ہوئے **BJP** کے نشی کانت دوبے نے کہا کہ **BJP** ووٹ بینک کی سیاست کے بجائے قومی مفاد کی سیاست کرتی ہے۔انتخابی اصلاحات پر بولتے ہوئے لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی نے انتخابی فہرستوں میں جعلی ووٹروں کا معاملہ اٹھایا۔ جناب گاندھی نے کہا کہ اصلاحات کا مطلب انتخابات سے ایک مہینے پہلے تمام پارٹیوں کیلئے مشین پر پڑھی جانے والی ووٹر فہرست مہیا کرانا ہے۔ کانگریس کے منیش تیواری، سماجوادی پارٹی کے لیڈر اکھلیش یادو، شیوسینا کے شری کانت شندے سمیت کئی دوسرے ممبران نے بھی بحث میں شرکت کی۔ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ جن ممبران کو آج بحث میں حصہ لینے کا موقع نہیں ملا اُنھیں کل ملے گا۔ انھوں نے ایوان کی کارروائی آج کیلئے ملتوی کردی۔x

## RS Vande Mataram

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج کہا ہے کہ وندے ماترم، وہ منتر تھا، جس نے بھارت کے ثقافتی نیشنلزم یعنی قومی جذبے کو بیدار کیا اور آج بھی اس کی اتنی ہی اہمیت ہے جتنی آزادی کے جدوجہد کے دوران تھی۔ آج راجیہ سبھا میں وندے ماترم کے **150**ویں سالگرہ پر بحث کی شروعات کرتے ہوئے جناب شاہ نے زور دے کر کہا کہ یہ گیت، وکست بھارت کی طرف ملک کے سفر میں مفید ہوگا۔ وزیر داخلہ نے وندے ماترم پر ایک بحث کی ضرورت پر سوال اٹھانے اور آئندہ ہونے والے مغربی بنگال انتخابات سے جوڑنے پر کانگریس کی نکتہ چینی کی۔

**S/B 2045 Amit Shah**

بحث میں شرکت کرتے ہوئے راجیہ سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر ملکارجن کھڑگے نے کہا کہ کانگریس نے ہی آزادی کی جدوجہد کے دوران وندے ماترم کو نعرہ دیا تھا۔

**S/B 2045 Mallikarjun Kharge**

**DMK** کے تروچی شیوا، **AIADMK** کے ڈاکٹر ایم تھمبی دورائی، **NCP** کے پرفل پٹیل اور شیوسینا کے ملند مرلی دیوڑا نے بھی بحث میں شرکت کی۔**Haris Beeran** کے خطاب کے بعد چیئرمین نے ایوان کی کارروائی کل دن میں **11** بجے تک کیلئے ملتوی کردی۔x

## NDA Meeting

آج نئی دلّی کے پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں **NDA** پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ ہوئی۔ وزیر اعظم نریندر مودی، وزیرداخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، **BJP** صدر جے پی نڈّا، اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو، وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر، **JDU** ایم پی سنجے جھا، راشٹریہ لوک دَل مورچہ کے سربراہ اُپیندر کشواہا، **NCP** کے **MP** پرفل پٹیل اور **NDA** کے دوسرے ممبران پارلیمنٹ میٹنگ میں موجود تھے۔

میٹنگ کے دوران، مختلف معاملوں اور خاص طور پر وکست بھارت کے خواب کے حصول کیلئے مزید بہتر حکمرانی کے ایجنڈے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بہار اسمبلی انتخابات میں NDA کی جیت پر اتحاد کے ممبران پارلیمنٹ نے وزیر اعظم مودی کی عزت افزائی کی۔ میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ وزیر اعظم نے عوام کی زندگی کو آسان بنانے اور اُنھیں مشکلوں کو دور رکھنے کو یقینی بنانے کیلئے تمام شعبوں میں اصلاحات پر زور دیا ہے۔

**S/B 2100 Kiren Rijiju NDA**

**PM Surya Ghar**

پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا اسکیم کے تحت رہائشی سیکٹر میں ملک میں چھت پر مجموعی طور پر 7ہزار 75 اعشاریہ سات–آٹھ میگاواٹ کی صلاحیت کے شمسی پینل لگائے گئے ہیں۔ راجیہ سبھا میں وقفۂ صفر کے دوران جواب دیتے ہوئے نئی اور قابل تجدید توانائی کے وزیر مملکت شری پد یسو نائک نے کہا کہ اس اسکیم کا مقصد مالی سال 2026-27 تک رہائشی سیکٹر میں ایک کروڑ گھروں میں شمسی پینل لگانے کا نشانہ حاصل کرنا ہے، جس پر 75ہزار 21 کروڑ روپئے خرچ ہوں گے۔ اس اسکیم کے تحت گجرات سرفہرست ریاست ہے جس نے ایک ہزار 828 اعشاریہ صفر–پانچ میگاواٹ کی صلاحیت کا پینل لگایا ہے۔x

**RS Ayushman**

سرکار نے کہا ہے کہ آیوشمان بھارت پردھان منتری جَن آروگیہ یوجنا کے تحت پچھلے مالی سال میں 28ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ کے دو کروڑ سے زیادہ دعوے سلجھائے گئے ہیں۔ صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر مملکت پرتاپ راؤ جادھو نے آج راجیہ سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں یہ بات کہی۔ انھوں نے کہا کہ یہ اسکیم ہر سال ہر کنبے کو ثانوی اور ثالثی Care اسپتال میں بھرتی کیلئے 12 کروڑ کنبوں کو پانچ لاکھ کا صحت کَور فراہم کرتا ہے۔x

**RS NPA**

خزانہ کے مرکزی وزیر مملکت پنکج چودھری نے کہا ہے کہ غیر منافع بخش اثاثے 2014میں چار اعشاریہ نو–سات فیصد تھے، جو اب گھٹ کر دو اعشاریہ دو–تین فیصد ہوگئے ہیں۔ راجیہ سبھا میں وقفۂ صفر کے دوران جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ یہ پچھلے 10برسوں میں سرکار کی مضبوط پالیسی فیصلوں کی وجہ سے ممکن ہوسکا ہے۔ بینک قرضوں کی واپسی کے معاملے پر وزیر موصوف نے کہا کہ 2014میں قرضوں کی واپسی کی شرح 11 اعشاریہ ایک–چار فیصد تھی اور 2025-26میں یہ 47اعشاریہ آٹھ–پانچ فیصد ہے۔ وزیر موصوف نے اِس بات سے انکار کیا کہ سرکار نے بڑی کمپنیوں کے قرضے معاف کئے ہیں۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ سرکار RBI کے ضوابط کے مطابق قرضے معاف کرتی ہے۔x

**LS PM KIsan**

پی ایم کسان اسکیم کی شروعات کے بعد سے مرکز نے 21 مرحلوں میں چار لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ کی رقم کسانوں کو دیا ہے۔ آج لوک سبھا میں وقفہ صفر کے دوران، ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ پی ایم کسان پورٹل پر ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے موصول ہونے والے مصدقہ اعداد وشمار کی بنیاد پر فوائد کی منتقلی سے متعلق بالواسطہ طریقے سے یہ رقم ٹرانسفر کئے گئے ہیں۔x

**LS SabhaSaar**

پنچایتی راج کی وزارت نے آج مطلع کیا ہے کہ 92ہزار 376 گرام پنچایتوں میں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں خود کار میٹنگوں کے خلاصے کیلئے SabhaSaar کا استعمال کیا جا رہا ہے۔

لوک سبھا میں آج ایک تحریری جواب میں پنچایتی راج کے وزیر راجیو رنجن سنگھ نے کہا کہ وزارت، مسلسل SabhaSaar کے کام کاج سے متعلق بیداری کو بڑھانے کیلئے کوششیں کر رہی ہے۔SabhaSaar مصنوعی ذہانت AI پر مبنی ایک voice-to-text meeting summarisation tool ہے، جسے اس سال 14 اگست کو لانچ کیا گیا تھا۔ x

**Jal Shakti Haekathon**

جل شکتی کے مرکزی وزیر سی۔آر۔ پاٹل نے نئی دلّی میں جل شکتی ہیکاتھون 2025اور بھارت—Win پورٹل کا آغاز کیا افتتاح کی تقریب میں وزیر موصوف نے ہیکاتھون کو ایک قومی تحریک قرار دیا، جو ایک محفوظ، سب کی شمولیت اور ٹیکنالوجی پر مبنی آبی وسائل کے مستقبل کی تعمیر کیلئے ملک کی اجتماعی صلاحیت کو متحرک کرے گی۔ x

**PM Satya Nadella**

وزیر اعظم نریندر مودی نے ایشیا میں مائیکرو سافٹ کی اب تک کی سب سے بڑی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کیا ہے اور مصنوعی ذہانت AI میں بھارت کی قیادت کے بارے میں مثبت نظریے کا اظہار کیا ہے۔سوشل میڈیا پر مائیکرو سافٹ کے چیئرمین اور سی ای او Satya Nadella کی ایک پوسٹ پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ جب AI کی بات ہوئی ہے تو پوری دنیا کی توقعات بھارت سے وابستہ ہوجاتی ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ انھیں اس بات کی بے حد خوشی ہے کہ بھارت وہ مقام ہے جہاں مائیکرو سافٹ اب تک کی سب سے بڑی سرمایہ کاری کر رہا ہے۔اسی دوران، جناب Nadella نے بھارت میں مصنوعی ذہانت AI سے متعلق مواقع کے موضوع پر تحریک دینے والے ایک بحث مباحثے کیلئے جناب مودی کا شکریہ ادا کیا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب Nadella نے کہا کہ مصنوعی ذہانت سے متعلق بھارت کے اہداف کی حمایت میں مائیکرو سافٹ 17 بلین امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اس سرمایہ کاری

سے بھارت کے Al-Arst Future کیلئے درکار بنیادی ڈھانچے، ہنرمندی اور خود مختار صلاحیتوں کی تعمیر میں مدد فراہم کرے گی۔x

## LS Indigo Crisis

شہری ہوابازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے آج کہا کہ حال ہی میں انڈیگو کے واقعہ کی وجہ سے جو تعطل پیدا ہوا تھا وہ تیزی کے ساتھ ختم ہورہا ہے اور حالات معمول پر آرہے ہیں۔ انہوں نے اِس بات کو دوہرایا کہ حکومت ایئرلائن کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے پُر عزم ہے۔ لوک سبھا میں خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ انڈیگو کو پوری طرح ذمہ دار ٹھہرایا جارہا ہے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ شہری ہوابازی کے ڈائیرکٹریٹ جنرل نے ایئر لائن کو نوٹس جاری کیے ہیں اور اُس کی رپورٹ کی بنیاد پر سخت کارروائی کی جائے گی۔

## SC SIR

سپریم کورٹ نے آج مغربی بنگال اور دوسری ریاستوں میں ایس آئی آر 2.0میں شامل BLOs اور دوسرے اہلکاروں کو دھمکی دیئے جانے کے معاملے کا سخت نوٹس لیا ہے اور الیکشن کمیشن سے کہا ہے کہ وہ اِس طرح کے معاملوں سے اُسے آگاہ کرے۔ چیف جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس Joymaliya Bagchi پر مشتمل ایک بینچ نے الیکشن کمیشن سے کہا ہے کہ وہ انتخابی فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی کے کام میں مختلف ریاستی سرکاروں کی طرف سے تعاون میں کمی کا سختی سے نوٹس لے۔x

## Chhattisgarh Electoral Revision

انتخابی فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظر ثانی کے تحت چھتیس گڑھ میں تقریباً تمام شماریاتی فارم تقسیم کئے جاچکے ہیں۔ زیادہ تر فارمز کو کمپیوٹر پر بھی اَپ لوڈ کیا جاچکا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ووٹروں کی آسانی کیلئے مختلف اضلاع میں ہیلپ ڈیسک قائم کئے گئے ہیں۔

## Jitendra Singh CSC

عملے، عوامی شکایات اور پنشن کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ملازمین کے کام اور بہتر کارکردگی کیلئے حوصلہ افزائی کی غرض سے ملازمین کے بروقت پروموشن کرنے کے حکومت کے اعادے پر زور دیا۔

پارلیمنٹ میں سینٹرل سیکریٹریٹ سروسز گروپ 'سی' کے ایسوسی ایشن کے ایک وفد سے بات چیت کے دوران ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ تینوں سروسز— سینٹرل سیکریٹریٹ سروس/ سینٹرل سیکریٹریٹ اسٹینوگرافر سروس اور سینٹرل سیکریٹریٹ کیلرکل سروس میں بڑے پیمانے پر Promotions کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی حکومت کے ذریعے دہائیوں سے التواء کے شکار معاملات کے ازالے کیلئے عملے، اور تربیت کے محکمے نے وسیع پیمانے پر Promotions کے عمل کو انجام دیا۔x

## Chess Praggnandha

بھارت کے رمیش بابو پراگنند ھا، FIDE سرکٹ 2025میں جیت درج کرکے Candidates 2026 ٹورنامنٹ میں اپنی جگہ بنا لی ہے۔ وہ مردوں کے زمرے میں واحد کھلاڑی ہیں۔ نتائج کا اعلان کرتے ہوئے FIDE نے کہا کہ چنئی گرانڈ ماسٹر نے ٹاٹا اسٹیل ماسٹرز Super bet Chess کلاسیک رومانیہ، Uz chess کپ ماسٹرس اور لندن chess کلاسیک اوپن جیت کر ایک بہترین سال اپنے نام کیا ہے۔پراگنند ھا نے سرکٹ میں سب سے زیادہ 115اعشارہ 17پوائنٹس حاصل کرکے جیت حاصل کی۔ Candidates 2026ٹورنامنٹ، اگلے سال مارچ–اپریل میں کھیلا جائے گا، جہاں ان کا مقابلہ عالمی چمپئن Dommaraju Gukesh سے ہوگا۔x

## IND VS Sa t20

مردوں کے کرکٹ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کے خلاف پانچ میچوں کی ٹی–ٹوینٹی سیریز کے پہلے میچ میں جیت کیلئے 176رن کا نشانہ رکھا ہے۔ یہ میچ اڈیشہ میں کٹک کے بارابتی اسٹیڈیم میں کھیلا جارہا ہے۔

آخری خبریں ملنے تک جنوبی افریقہ نے 6اوورس میں 3وکٹ پر 45رن بنالئے تھے۔

اس سے پہلے بھارت نے مقررہ 20اوورس میں 6وکٹ پر 175رن بنائے تھے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆